بیان کیا گیا ہے اور اس دور کی مختلف تاریخی کتابوں کے حوالوں سے سب باتیں معرضِ تحریر میں لائی گئی ہیں۔ وارث شاہ نے اپنی کتاب "ہیر وارث شاہ" میں اس عہد کے بعض واقعات اشعار میں بیان کیے ہیں۔ مصنف کتاب پروفیسر محمد نواز خاں نے ان مقامات پر وارث شاہ کے وہ اشعار درج کر دیے ہیں۔

"وارث شاہ کا سیاسی ماحول" اپنے موضوع کی وہ کتاب ہے، جس میں مغل حکومت کے عہد زوال کی پوری داستان آگئی ہے۔ پھر اس دور کے مختلف عناصر نے جو کردار ادا کیا اور وارث شاہ نے اس کے متعلق جن الفاظ میں اظہار رائے کیا وہ پڑھنے کے لائق ہے۔

مغلوں کے عہدِ زوال کے اسباب کو سمجھنے اور اس دور کی اہم شخصیتوں کے کردار سے آگاہی حاصل کرنے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید ثابت ہوگا۔

نام کتاب : اسباب اختلاف الفقہاء

نام مصنّف : مولانا ارشاد الحق اثری۔

ناشر : ادارہ علوم اثریہ۔ منٹگمری بازار۔ فیصل آباد۔

صفحات ۱۲۸ ۔ قیمت درج نہیں۔

مولانا ارشاد الحق اثری خالص علمی اور تحقیقی ذہن وفکر کے مالک ہیں اور فیصل آباد کے تدریسی و تصنیفی مرکز ادارہ علوم اثریہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ادارے کی طرف سے انھوں نے جو خدمات سر انجام دی ہیں، ان میں زیرِ نظر کتاب "اسباب اختلاف الفقہاء" خاص اہمیت کی حامل ہے جو ان کی ایک نئی کاوش ہے۔

بعض دینی مسائل میں فقہائے کرام کے درمیان جو اختلاف پایا جاتا ہے، وہ نیا نہیں ہے، صحابہ کرام اور حضرات تابعین کے دور میں بھی یہ اختلاف موجود تھا۔ یہ راجح مرجوح کا اختلاف بھی ہو سکتا ہے اور کسی مسئلے کو صحیح طور سے سمجھنے اور اس کی تہہ تک پہنچنے سے متعلق بھی ایک سے زائد رائیں ہو سکتی ہیں۔ کتنے ہی مسائل ایسے ہیں جن میں صحابہ کرام مختلف آرا رکھتے ہیں اور